## ہماری سرحدیں انتہائی غیر محفوظ اور خطرات میں گھری ہوئی ہیں، محاذ آرائی کے بجائے
## اپنے اپنے رویے میں لچک پیدا کریں
## ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی آصف زرداری، نواز شریف، اسفند یار ولی، مولانا فضل الرحمٰن
## اور چوہدری شجاعت سمیت تمام رہنماؤں سے دردمندانہ اپیل
## وکلاء بھی صبر وتحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنا مؤقف پرامن انداز میں پیش کریں
## پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا بھی ملک کی نازک صورتحال سے قوم کے بچے بچے کو آگاہ کرے

لندن۔۔16 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان کے تمام سیاست دانوں خصوصاً پاکستان پیپلز پارٹی کے کو چیئر مین آصف علی زرداری، مسلم لیگ ن کے سربراہ میاں محمد نواز شریف، اے این پی کے رہنماء اسفند یار ولی خان اور جمعیت علماء اسلام کے رہنماء مولانا فضل الرحمٰن کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ خدارا ملک کی نازک صورتحال کو انتہائی سنجیدہ سمجھیں اور جو کوئی یہ دعوے کرتا ہے کہ ہماری زمینی سرحدیں بہت مضبوط ہیں خدا کرے ایسا ہی ہو لیکن زمینی حقائق ان دعوؤں کی سراسر نفی کرتے ہیں اور زمینی حقائق بتاتے ہیں کہ ہماری سرحدیں انتہائی غیر محفوظ اور خطرات میں گھری ہوئی ہیں ایسی صورتحال میں ہم سب اپنی اپنی طاقت کے جوہر ایک دوسرے پر برس برس کر تو نکال رہے ہیں جبکہ متحد ہو کر ملک کے اطراف بھٹکنے والے خطرات سے نمٹنے کیلئے کوئی متفقہ لائحہ عمل تیار نہیں کر رہے ہیں۔ یہ انتہائی افسوسناک عمل ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگر آج ہم نے انا پرستی اور محاذ آرائی کا راستہ ترک نہ کیا تو خاکم بدہن ایسا نہ ہو کہ ہم ہاتھ ملتے رہ جائیں اور ہمیں پھر ایک دوسرے پر محاذ آرائی کرنے کا سرے سے موقع ہی نہ ملے۔ لہٰذا میں سیاسی قائدین سے دردمندانہ اپیل کرتا ہوں کہ ملک کے بہت سے نازک اور اہم ترین مسائل آج کے نہیں بلکہ برسہابرس سے بگڑتے چلے آرہے ہیں اور ہم انہیں مل جل کر حل کرنے کے بجائے اپنی زور آزمائی کی قوت کا مظاہرہ ایک دوسرے پر ہی کرتے چلے آئے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ ہم حب الوطنی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک دوسرے کو برداشت کریں اور سخت گیری رویہ اختیار کرنے کے بجائے کچھ دو اور کچھ لو کے اصول پر اپنے اپنے مؤقف میں کچھ نہ کچھ لچک ضرور پیدا کریں۔ انہوں نے وکلاء برادری سے بھی اپیل کی کہ وہ بھی ملک کی نازک صورتحال کو سمجھتے ہوئے ملک کے ناردرن ایریاز اور بلوچستان کی نازک صورتحال کو سامنے رکھیں اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے مؤقف کو پرامن اور دلائل کے ساتھ پیش کریں تاکہ کسی قسم کی محاذ آرائی کا موقع کسی کو بھی نہ ملے کیونکہ اتحاد و یکجہتی ہی وقت کی نازک صورتحال کی سب سے بڑی پکار ہے۔ جناب الطاف حسین نے صحافی برادری، پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا سے بھی درخواست کی کہ وہ ملک کی نازک صورتحال سے قوم کے بچے بچے کو آگاہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ میں مسلم لیگ ق کے صدر چوہدری شجاعت حسین سمیت اپوزیشن کے تمام رہنماؤں سے بھی دردمندانہ اپیل کرتا ہوں کہ وہ بھی ملک کی نازک صورتحال کے پیش نظر ہر قسم کی محاذ آرائی سے گریز کریں۔

## ڈاکٹر فاروق ستار، عبدالحسیب، عادل صدیقی، ڈاکٹر نصرت اور دیگر حق پرست نمائندوں
## نے مقامی اسپتال میں رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم کی عیادت کی

کراچی۔۔۔16 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر و قومی اسمبلی میں حق پرست گروپ کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے مقامی اسپتال جا کر رابطہ کمیٹی پاکستان انچارج و حق پرست رکن سندھ اسمبلی انور عالم کی عیادت کی۔ انہوں نے انور عالم کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے گلدستہ بھی پیش کیا۔ قبل ازیں رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج و حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب، رکن رابطہ کمیٹی و صوبائی وزیر عادل صدیقی، رکن رابطہ کمیٹی ڈاکٹر نصرت کے علاوہ حق پرست وزراء، سینیٹرز، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین نے بھی علیحدہ علیحدہ اسپتال جا کر انور عالم کی عیادت کی۔ واضح رہے کہ انور عالم پر گزشتہ روز فالج کا خطرناک اٹیک ہوا تھا جس کے باعث وہ کراچی کے مقامی اسپتال کے انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیر علاج ہیں تاہم اب انکی حالت بہتر بتائی جاتی ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہ خواتین کی تنظیم نو،محترمہ کشورزہرہ انچارج اور محترمہ نائلہ لطیف اورمحترمہ فوزیہ اعجاز جوائنٹ انچارج ہونگی

کراچی۔۔۔16مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہ خواتین کی تنظیم نو کردی گئی ہے۔جس کے تحت رکن قومی اسمبلی محترمہ کشورزہرہ شعبہ خواتین کی انچارج اورمحترمہ نائلہ لطیف اوررکن قومی اسمبلی محترمہ فوزیہ اعجاز جوائنٹ انچارجز ہوں گی۔اس بات کا اعلان رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انورعالم نے جمعرات کی شام لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں شعبہ خواتین کے ایک بڑے ورکرز اجلاس میں کیا۔اجلاس میں شعبہ خواتین کی ہزاروں کارکنوں نے شرکت کی۔تنظیم نو کے مطابق ،محترمہ شاہجہاں فنانس سیکریٹری،محترمہ بشریٰ صدیقی آفس سیکریٹری جبکہ اراکین میں محترمہ قمر فرید،محترمہ شمیم رحیم،محترمہ نسیم محمد علی، محترمہ رضوانہ واجد،محترمہ شاہدہ نثار،محترمہ صابرہ،محترمہ طلعت جہاں،محترمہ ثروت عثمان اورمحترمہ اسماءشیروانی شامل ہیں۔اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انورعالم،جوائنٹ انچارج عبدالحسیب،عادل صدیقی،ڈاکٹرنصرت،آنسہ ممتاز انوار اورمحترمہ خورشید افسر نے شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انورعالم نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر میں امن کی خواہاں ہے،قائد تحریک جناب الطاف حسین انسانیت کی فلاح و بہبود پر یقین رکھتے ہیں اوریہی وجہ ہے کہ انہوں نے ہمیں وہ نظریہ دیا ہے جس پر عمل پیرا ہوکرامن وآشتی اور بھائی چارے کوفروغ دیا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم انقلابی تحریک ہے اوراس تحریک میں ہمیں مسلسل جدوجہد کرنا ہے کیونکہ تحریک متحرک لوگوں کی جماعت ہے اور جہاں حرکت ہو وہاں زندگی ہوتی ہے اور جہاں جمود ہو وہاں موت اپنے ڈیرے ڈالتی ہے۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے کہا کہ جب بھی تحریک کے کسی شعبے کا اجلاس بلایا جاتا ہے تو اس کا مقصد ہوتا ہے اورتحریک چاہتی ہے کہ ہر اجلاس میں ہم اپنے وعدے کو یاد کریں جو ہم نے قائد تحریک جناب الطاف حسین ،نظریئے،جدوجہد اور کاز سے کیا ہے اوراس بات کا جائزہ لیں کہ ہم اپنے وعدے پر کتنا عمل کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تحریک کی ہرنشست ہمیں اپنے دعوے کی فکر دیتی ہے کیونکہ ہر کامیابی کے پیچھے جہد مسلسل لازمی ہے۔انہوں نے کہا کہ انقلاب نظام کی تبدیلی کا نام ہے اورنظام کی تبدیلی آسان نہیں ہے یہ تبدیلی وہی لوگ لاسکتے ہیں جو اپنی تحریک اور قائد سے مخلص ہوں۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ خورشید افسر نے کہا کہ خواتین کسی زمانے میں پیچھے نہیں رہیں اورمتحدہ قومی موومنٹ کی خواتین کا نام تاریخ میں لکھا جاتا ہے کہ انہوں نے اپنے پیاروں کے جنازے کو کاندھے تک دیئے۔انہوں نے کہا کہ جس تحریک میں ایسی نڈر اور بہادر مائیں بہنیں موجود ہوں ایسی تحریک کو نہ تو سازشوں سے ختم کیا جاسکتا ہے اورنہ ہی جھکنے پر مجبور کیا جاسکتا ہے۔

## رنچھوڑ لائن میں ایک مذہبی تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کی جدیدوخودکار ہتھیاروں سمیت گرفتاری سے ایک بار پھر ثابت ہوگیا ہے کہ کون دہشت گردی کے ذریعے شہر کا امن تباہ کرنے کی کوشش کررہا ہے۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔16مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے رنچھوڑ لائن میں ایک مذہبی تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے علاقے کےعوام کودہشت گردی کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کی ہے اورکہا ہے کہ اس تنظیم کے مسلح دہشت گردوں کی جدیدوخودکار ہتھیاروں سمیت گرفتاری سے ایک بار پھر ثابت ہوگیا ہے کہ کون علاقے میں دہشت گردی کررہا ہے اوردہشت گردی کے ذریعے شہر کا امن تباہ کرنے کی کوشش کررہا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایک مذہبی تنظیم کے مسلح دہشت گرد اسلحہ کے زور پر علاقے کےعوام کو مسلسل دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں،اسلحہ کے زور پر علاقے میں فلیٹوں،گھروں اوردکانوں پر قبضے کرنا،علاقے کےعوام اوردکانداروں سے اسلحہ کے زور پر بھتے وصول کرنا،انکارکرنے والوں کودہشت گردی کا نشانہ بنانا اورفائرنگ کرکے خوف وہراس پھیلانا اس مذہبی تنظیم کے دہشت گردوں کا معمول بن چکا ہے اورعلاقے کےعوام اس مذہبی تنظیم کی دہشت گردی سے تنگ آچکے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز بھی اس مذہبی تنظیم کے مسلح دہشت گردوں نے گھروں اورفلیٹوں پر قبضے کرکے جس طرح جدیدوخودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کی ہے اورعلاقے کے بے گناہ افراد کو اپنی گولیوں کا نشانہ بنایا ہے وہ اس تنظیم کی دہشت گردی کا تازہ ترین مظاہرہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر پرویز مشرف،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد،وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اورصوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ رنچھوڑ لائن اورشہر کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کا بازارگرم کرنے والے مذہبی تنظیم کے دہشت گردوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے اورگرفتار ہونے والے دہشت گردوں کے ساتھ قانون کے مطابق سلوک کیا جائے۔

## جمعیت کی جامعہ پنجاب میں کھلی غنڈہ گردی، پرامن طلبہ خصوصاً اساتذہ سے بدسلوکی اور دہشت گردی قابل مذمت ہے، اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔16 مئی 2008ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی تنظیم نو کمیٹی کے ارکان نے اسلامی جمعیت طلبہ کے تھنڈر اسکواڈ کی جانب سے پنجاب یونیورسٹی میں کھلی غنڈہ گردی، پرامن طلبہ خصوصاً اساتذہ کیساتھ بدسلوکی اور یونیورسٹی میں دہشت گردی کی کارروائیوں کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ اسلامی جمعیت طلبہ کراچی یونیورسٹی سمیت نہ صرف کراچی کے دیگر تعلیمی اداروں میں مسلح دہشت گردی اور غنڈہ گردی سے تعلیمی ماحول خراب کررہی ہے بلکہ پنجاب یونیورسٹی بھی برسوں سے جمعیت کی دہشت گردی کی آماجگاہ بنا ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی میں اسلامی جمعیت طلبہ کی جانب سے کھلی دہشت گردی کے باعث یونیورسٹی میں تعلیمی سرگرمیاں شدید متاثر ہورہی ہیں جبکہ یونیورسٹی میں ہونیوالے امتحانات بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے صدر مملکت پرویز مشرف اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ پنجاب یونیورسٹی میں اسلامی جمعیت طلبہ کی کھلی دہشت گردی کا نوٹس لیا جائے اور تعلیمی ماحول خراب کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم لانڈھی، بلدیہ، ناظم آباد اور لیاقت آباد کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔16 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 89 کے کارکن عثمان کی والدہ محترمہ حاجی بی، ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 170 کے کارکن جنگ شیر کی والدہ محترمہ شکوری بی بی، ناظم آباد ٹاؤن کے نائب حق پرست یوسی ناظم جعفر رضا کے بڑے بھائی سید صفدر رضا، بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 115 کے کارکن سید اکبر علی کے والد سید علی، اورنگی ٹاؤن یونٹ یوسی 4 کے کارن علی اکبر کے والد حسن خان، لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 158 کے کارکن عبدالحامد خان کی والدہ محترمہ نجمہ بیگم اور ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 81 کے کارکن فہیم احمد کے والد رفیق احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔

## ایم کیوایم دادوزون کے زونل انچارج علی مرتضیٰ سومرو سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔16 مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم دادوزون کے زونل انچارج علی مرتضیٰ سومرو کے کمسن صاحبزادے کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی اور دادوزون کی زونل کمیٹی کے اراکین نے بھی علی مرتضیٰ سومرو کے کمسن صاحبزادے کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆